حضرت مولانا شیخ احمد خان رحمۃ اللہ علیہ کا سانحۂ وفات

محمد اعجاز مصطفیٰ

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی کے قدیم فاضل واستاذ، عظیم مبلغ، داعیِ اسلام، سابق ناظم دفتر وفاق المدارس مولانا انور شاہ صاحب کے چھوٹے بھائی، اور مرکز اکتشاف الاسلام بحرین کے مدیر، حضرت مولانا احمد خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ ۲ جون ۲۰۲۰ء بروز منگل بحرین میں راہیِ عالمِ آخرت ہوگئے، **إنا للّٰہ وإنا إليه راجعون ، إن للّٰہ ما أخذ ولهٗ ما أعطٰی وكل شیء عندهٗ بأجل مسمّٰی.**

مولانا شیخ احمد خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کچھ عرصہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن میں استاذ رہے۔ جامعہ کے سابق ناظمِ تعلیمات حضرت مولانا عطاء الرحمٰن شہید رحمۃ اللہ علیہ بھی آپ کے شاگردوں میں سے تھے۔ موصوف نے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے بھی تعلیم حاصل کی تھی۔ بعد ازاں بحرین تشریف لے گئے اور مستقل وہیں سکونت اختیار کی۔ بحرین میں دیگر دینی ورفاہی کاموں کے علاوہ ''ڈیسکوری آف اسلام'' نامی ادارے میں ذمہ داروں میں سے تھے، یہ ادارہ غیر مسلم ورکرز میں اسلام کی دعوت کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ مولانا اخلاقِ حسنہ اور اوصافِ حمیدہ سے متصف، بہترین اور فعال مبلغ تھے۔ سینکڑوں لوگوں کو اسلام میں داخل کیا۔ آپؒ کے ہاتھوں مشرف بہ اسلام ہونے والے صرف نیپالی ہندوؤں اور بدھوؤں کی تعداد ایک ہزار سے زائد ہے۔ اسلام میں داخل ہونے کے بعد نومسلموں کی ہر طرح سے ہمیشہ امداد ومعاونت فرماتے تھے، حتیٰ کہ نومسلم جب بحرین چھوڑ کر اپنے وطن جاتے تو ان کے اپنے ممالک میں جاکر بھی ان کی خبر گیری کرتے تھے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شیخ موصوف کی جملہ حسنات کو قبول فرمائے اور ان کے درجات کو بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے، آمین۔ جامعہ کی انتظامیہ، اساتذہ اور جملہ خدام مولانا کے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں اور قارئین سے ان کے لیے ایصالِ ثواب کی درخواست کرتے ہیں۔

..... ❁ ..... ❁ ..... ❁ .....